© rasailojaraid.com



گوشوں پر مواد فراہم کرنا، نیز تحقیق کے عمل کو فروغ دینا ہے، تا کہ قرآنی تعلیمات کی روشنی میں عالمِ انسانیت اور مسلم معاشرہ کی مختلف پریشانیوں کے حل کو تلاش کیا جا سکے......اس مجلّہ کی ایک امتیازی خصوصیت یہ بھی ہے کہ اس کا اداریہ کسی ایک خاص موضوع کا احاطہ قرآن وحدیث کی روشنی میں کرتا ہے اور اس اداریہ کو ایک عنوان بھی دیا جاتا ہے۔

یہ مجلّہ گزشتہ ۳۱ برسوں سے اہلِ علم کی خدمت کر رہا ہے اور آج بھی پوری آب و تاب سے اسی طرح سے جاری ساری ہے۔ ان اکتیس برسوں میں اس مجلّہ نے نہ صرف قرآنیات کے مختلف گوشوں پر اداریے، مقالات، نیز علمی خبریں پیش کیں، بلکہ قرآنی مطالعات پر شائع ہونے والی نئی کتابوں، رسائل کے خصوصی شماروں پر تبصرے بھی قارئین کے پیشِ نظر کر رہا ہے۔ مجلّہ کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ اس کے ہر شمارے کے مقالات ومضامین کا انگریزی خلاصہ آخری صفحات پر پیش کیا جاتا ہے۔ ''مجلّہ علوم القرآن'' قرآن سے متعلق اپنی علمی وتحقیقی تحریروں کی وجہ سے نہ صرف اسلامی حلقوں، بلکہ اہلِ علم میں بھی قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے، جس سے اس کو مطالعاتِ قرآنیات کے موضوع پر بین الاقوامی معیار بھی حاصل ہوا ہے''۔ (اسعد فیصل فاروقی، علی گڑھ کی اردو صحافت عہد بہ عہد، ایجوکیشنل بک ہاؤس، علی گڑھ، ۲۰۱۷ء، ص ۴۰۴۔۴۰۷)

## ادارہ علوم القرآن میں منعقدہ پروگرام

| | |
|---|---|
| ☆ تعزیتی نشست بر وفات پروفیسر صفدر سلطان اصلاحی مرحوم | ۲۱/فروری ۲۰۱۷ء |
| ☆ مطالعہ ودرس قرآن، زیرنگرانی پروفیسر سید مسعود احمد | ۳۰/مارچ ۲۰۱۷ء |
| ☆ مطالعہ ودرس قرآن، زیرنگرانی پروفیسر کنور یوسف امین | ۲۷/اپریل ۲۰۱۷ء |

© rasailojaraid.com